جناب شفیق الدین فاروقی

دار العلوم کے شب و روز

دار العلوم کے ششماہی امتحانات:

گزشتہ ہفتے دار العلوم کے ششماہی امتحانات منعقد ہوئے۔ طلباء نے انتہائی نظم وضبط کا مظاہرہ کیا اور امتحان کے لئے بھرپور تیاری کی ۔ یہ امتحانات نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ کی خصوصی نگرانی میں اختتام پذیر ہوئے ۔ تمام اساتذہ اور عملہ نے اس میں مکمل تعاون کیا' امتحانات کے بعد چار دن کی تعطیلات ہوئیں۔ اب دوبارہ اسباق زور وشور سے جاری ہیں۔

متحدہ مجلس کے سربراہ مولانا شاہ احمد نورانی کی دار العلوم تشریف آوری:

متحدہ مجلس عمل کے سربراہ سینئر حضرت مولانا شاہ احمد نورانی مدظلہ گزشتہ دنوں مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملاقات کے لئے تشریف لائے ۔ آپ کے ہمراہ حافظ حسین احمد ممبر قومی اسمبلی بھی تھے ۔ انہوں نے موجودہ ملکی حالات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ بعد ازاں حضرت مولانا شاہ احمد نورانی صاحب مدظلہ نے ایوانِ شریعت میں طلباء سے تفصیلی خطاب کیا اور علم اور اس کی فضیلت وملکی حالات پر ان کو آگاہ کیا۔

مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ کی وفاق المدارس اور شوریٰ کے اجلاس میں شرکت:

حضرت مولانا انوار الحق نائب مہتمم جامعہ دار العلوم حقانیہ و ناظم وفاق المدارس العربیہ پاکستان ۲۱ ربیع الثانی ۲۲ جون کو وفاق عاملہ کے اور ۲۲ ربیع الثانی ۲۳ جون کو شوریٰ کے اجلاس میں شرکت کے لئے ملتان تشریف لے گئے ۔ ان دوطویل اجلاسوں میں' امتحانی امور' سالانہ بجٹ ونصاب جیسے اہم مسائل پر تفصیلی بحث و فیصلے ہوئے ۔

بین الاقوامی میڈیا کی دار العلوم آمد:

موجودہ ملکی اور عالمی حالات کے تناظر میں مختلف چینلوں اور بین الاقوامی الیکٹرانک میڈیا سے تعلق رکھنے والے غیر ملکی نمائندے دار العلوم تشریف لائے' انہوں نے دار العلوم کا معائنہ کیا اور یہاں پر درس و تدریس اور تعلیمی ماحول کا جائزہ لیا اس کے ساتھ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب سے شریعت بل اور دیگر مختلف موضوعات پر تبادلہ خیال کیا ۔